پروگرامز اان کی روداد اور خطبات کیلئے رہنما خطاب شائع کئے جائیں اور وزارت کے ماتحت تمام اداروں کو مفت ارسال کیا جائے۔

☆ وزارت ادارہ تحقیقات اسلامی کے زیر اہتمام خصوصی موضوعات پر یونیورسٹی کے پروفیسرز اور نامور علماء و مہتممین مدرسہ کے لیکچرز منعقد کرائے اور انہیں شائع کرے۔

☆ وزارت قرآن کی پروف ریڈنگ اور صحت کے ساتھ طباعت کا اہتمام کرے، اسی طرح کتب احادیث و سیرت شائع کی جائیں۔

☆ وزارت صوبائی سطح پر ہر سال **"صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس و مقابلہ حسن قرأت و کتب سیرت النبی ﷺ"** کا اہتمام کرے۔

☆ وفاقی وزارت ہر سال عالمی سیرت النبی ﷺ کانفرنس منعقد کرے اور دنیا بھر سے اہل علم کو مدعو کرے۔

☆ غیر مسلموں کے لئے قومی و عالمی زبانوں میں لٹریچر شائع کیا جائے۔

☆ تمام لٹریچر پر علماء کی جائزہ کمیٹی بنائی جائے تاکہ فرقہ واریت کا خاتمہ ہو۔

☆ دینی مدارس کے فروغ التحصیل علماء کے لئے تدریب الأئمۃ یا تدریب الدعاۃ کے نام سے ایک سال کا تربیتی کورس ہو۔ اسی طرح ایسے علماء کو سعودی عرب اور جامعہ ازہر تربیت کے لئے بھیجا جائے۔

گوشہ علوم اسلامیہ انٹرنیشنل

علوم اسلامیہ انٹرنیشنل نمبر پر ۱۳۔۱۴ جنوری تا دسمبر ۲۰۱۱ء پر ارباب علم و دانش کے تاثرات

علامہ ابوعمار زاہد الراشدی: ڈائریکٹر اشریعہ اکادمی ہاشمی کالونی کنگنی والا گوجرانوالہ

"مجلہ علوم اسلامیہ انٹرنیشنل" کا مذکورہ شمارہ میری نظر سے گزرا ہے، نئی نسل کو آج کے اسلوب میں اسلامی تعلیمات سے متعارف کرانے اور ارباب فکر و دانش کے درمیان علمی و فکری روابط کے لئے ایک اچھی کوشش ہے اور اس سے یقیناً مثبت نتائج سامنے ائیں گے۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد ادریس "آزاد" سومرو: ایسوسی ایٹ پروفیسر و صدر شعبہ اسلامیات

سیرت النبی ﷺ نمبر بحوالہ "مقاصد بعثت نبوی ﷺ" کا مجلہ معیاری ہے اور وقت کی